# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Thursday, July 22, 2004*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty minutes past twelve noon with Mr. Deputy Chairman (Mr. Khalil-ur-Rehman) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا یھاالذین امنوا ان جاءٓ کم فاسق بنبا فتبینوا ان تصیبوا قوماً بجھالۃ فتصبحوا علیٰ مافعلتم ندمین۔

ترجمہ:۔ مومنو! اگر کوئی بدکردار تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو (مبادا) کہ کسی قوم کو نادانی سے نقصان پہنچا دو۔ پھر تم کو اپنے کئے پر نادم ہونا پڑے۔ (سورہ حجرات۔ آیت ٦)

جناب ڈپٹی چیئرمین، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Can I just make a little statement? I am sorry for the delay in the first stage because the Ministers are still busy in the meeting. So, I have decided that what we will do, I will take up the leave applications and after that I will take points of order and when the Ministers will be here, I shall take over Questions and Answers.

Senator Wasim Sajjad (Leader of the House): Before the question hour, because the question hour will be deferred for the time being till the Ministers come, I think, there is consensus of the items on the agenda today, the items were of rules and the bill. So that could be taken up because I think the opposition will have no objection.

Mr. Deputy Chairman: Which items are you recommending?

Senator Wasim Sajjad: Item No. 3, 4, 5 and 6.

Mr. Deputy Chairman: You want us to take that earlier.

Senator Mian Raza Rabbani: You can take those up but after the points of order.

Mr. Deputy Chairman: Alright, can I just go through the leave applications?

Senator Mian Raza Rabbani: Right sir.

Mr. Deputy Chairman: And another news, we have a decent lunch here in lunch break. I hope that everybody got their lunch packs yesterday, I sent them to their apartments. Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب ڈپٹی چیئرمین، محترمہ نگہت مرزا ناگزیر وجوہات کی بناء پر مورخہ 5 اور 12

جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، محترمہ عابدہ سیف ناگزیر وجوہات کی بناء پر مورخہ 5 اور 12 جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب امان اللہ کنرانی صاحب خراب موسم کے باعث کوئٹہ سے فلائٹ میں تاخیر کی وجہ سے مورخہ 19 جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، محترمہ ممتاز بی بی نے ناسازی طبع کی بناء پر آج مورخہ 22 اور 23 جولائی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب ایس۔ ایم۔ ظفر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر آج مورخہ 22 اور 23 جولائی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، مولوی آغا محمد نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 21 تا 23 جولائی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، ڈاکٹر کوثر فردوس نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 20 اور 21 جولائی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، محترمہ رخسانہ زبیری ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 12 جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں، اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب محمد اسلم بلیدی ناگزیر وجوہات کی بناء پر مورخہ 16 تا 21 جولائی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، سردار یار محمد رند نے اطلاع دی ہے کہ وہ ایک سرکاری دورے پر ملک سے باہر جا رہے ہیں،اس لئے مورخہ 21 تا 31 جولائی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جی رضا صاحب۔

## POINTS OF ORDER

### 1) RE: DELAY IN SENATE PROCEEDINGS DUE TO CABINET MEETING.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب! شکریہ۔

Mr. Chairman, it seems that we are in the habit now of setting new traditions. It has as far as I can recall in the parliamentary history of the Senate and the National Assembly, it has never happened that a House has been adjourned for a particular time and then subsequently a fresh

time has been given because the meeting of parliament is something which is sacrosanct. The meeting of the Houseis above all other considerations. I do concede sir, that under Rule 20, Sub-rule 2 (b), it does give you the power to alter the time but when even in that Rule, if you go through it, it says "if he thinks ..." and thinks means that you would apply your mind and application of mind would mean that you would already know prior that there is to be a Cabinet meeting and that the House should not meet in the morning. It could have been adjourned for the evening today but even if the Cabinet meeting has fallen all from heaven all of a sudden which I don't think so, even under those circumstances the correct procedure would have been that the Chair should have come to the House at 10.30 and adjourn the House to have met a little later because if we start postponing or changing the times of meetings of Parliament for Cabinet meetings then sir, we are sending a very bad message and signal.

جناب چیئرمین! یہ بھی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوا تھا کہ Parliament کے یا National Assembly کے یا سینیٹ کے summons جاری ہو جائیں اور پھر وہ summons withdraw کر لئے جائیں اور fresh summon ایک اگلی date کے لئے issue کئے جائیں۔ جناب چیئرمین! اس سے پارلیمان کی تضحیک ہوتی ہے۔ اس سے پارلیمان کا وقار کم ہوتا ہے۔ میں یہ بات آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا تھا۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I want to say a few words.

Mr. Deputy Chairman: Few words? alright.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I appreciate the spirit in which this

comment has been made and I do welcome the fact that we need to protect and uphold the dignity of Parliament. I think the remarks have been made in good spirit and with good intention sir. But I don't agree that it has never happened in the history of Parliament because this Rule has been there and I recall that on some occasions, when it was necessary, one had to do it. The rule is made for this purpose that sometimes there are certain situations that are not known at that moment and when the House was adjourned yesterday, I don't think anybody apprised the Chair that the Cabinet meeting was to be held in the morning at 10.00 o' clock. It was only subsequently and we tried to have the Cabinet meeting also postponed but because the Trade Policy was being discussed, this has to be issued, there are certain deadlines and the Prime Minister is leaving today so that was the problem. Our own first, as I said, objective was that perhaps we could have the Cabinet meeting postponed, so that we could have the Senate in session. So, I appreciate the spirit sir. We welcome it and I do would like to assure the honourable Senator and the House that in the future, we will try that these things do not happen but sometimes it do happen and rules make provision for this very purpose.

Mr. Deputy Chairman: Thank you so much.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, I am grateful to the Leader of the House that he made an effort to have the Cabinet meeting postponed. I am grateful to him on behalf of the House for that because it is a question of the honour and dignity of the entire House and not of a

particular Senator or a group of Senators. But sir, one thing that has emanated from the statement of the honourable Leader of the House is that he said that the Chair was not informed that there is a Cabinet meeting. Now sir, if I remember correctly it is the responsibility of the Minister for Law to keep the Chair informed and to act as a rapport between the House and the Government. Now if the Minister has failed to do so then, I think, this House is very much within its right if it asks you to pass strict strictures against the Minister for his failure to inform the Chair that there was a Cabinet meeting which subsequently resulted in a degradation of the honour of Parliament. So, therefore, I would request you to pass strictures against the Minister for not informing the Chair.

Mr. Deputy Chairman: Yes, Bhinder sahib.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, thank you very much for giving me an opportunity. Sir, so far as Rule 20(b) is concerned, it is very clear that the subject to the other provisions of these rules, the Chairman may, if he thinks fit, call sitting of the Senate at a time or date different from date to which it was earlier adjourned and was competent to refix a time for meeting of the Senate. So, this is quite in accordance with the provisions of Rule 20, sub-Rule (2) but so far as, sir, the other aspect is concerned, I would very humbly submit that it has been practice in the past that during the sitting, during the time when the sitting ofthe National Assembly or of the Senate normally, the Cabinet meetings are not held. If it is in the morning then it is in the evening. If it is in the

evening then it is in the morning. Sir, my humble suggestion would be that efforts should be made that when the Senate is sitting or the National Assembly is sitting then the Cabinet meetings should be held at some other time so that the schedule and the time of the Senate or the National Assembly is not disturbed.

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ بھنڈر صاحب ۔ شیخ رشید صاحب ۔

شیخ رشید احمد (وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات)، جناب چیئرمین! بھنڈر صاحب چونکہ ایک senior اور seasoned parliamentarian ہیں تو ان کی خدمت میں عرض ہے کہ شام کو قومی اسمبلی کا اجلاس ہے اور اس بنیاد پر ایک ایسی بات ہوگئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ رول اس کی اجازت دیتے ہیں۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں جس کو اتنا seriously لیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی رضا ربانی۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین ! میں وزیر صاحب سے یہ بات expect نہیں کر رہا تھا ۔ میں نے شروع ہی میں concede کیا تھا کہ Rule 20 (2) (b) آپ کو اجازت دیتا ہے لیکن وزیر صاحب کا یہ کہنا کہ یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے ۔ اگر ہم پارلیمنٹ کی تضحیک اسی طرح کرتے چلے جائیں گے تو پھر تو کوئی limit نہیں ہوگی ۔ کہیں نہ کہیں تو ہم نے اس بات کو روکنا ہے ۔ پارلیمنٹ کسی بھی ملک میں اور پاکستان میں بھی ایک مقدس گائے کی حیثیت رکھتی رہی ہے لیکن اب ایسے لگتا ہے کہ اس مقدس گائے کو گلی گلی میں xxx پڑ رہے ہیں اور ہم اس کو روکنے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں ۔ میں آپ سے یہ-----

Mr. Deputy Chairman: Raza sahib, I think, I will expunge those remarks.

یہ اس بیچاری کو گائے تو نہ بنائیں ۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ

---

XXX Words expunged by the orders of Deputy Chairman)

strictures وزیر کے خلاف pass کریں۔

Mr. Deputy Chairman: You see the point has come home. Professor sahib.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب! میں ایک اہم معاملے کی طرف آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ سندھ میں نوابشاہ آموں کے باغات کے لئے بہت مشہور ہے۔ وہاں کی آبادی کے ایک بہت بڑے حصے کے روزگار، معاش کا انحصار آموں پر ہے لیکن یہاں مسلسل خبریں آ رہی ہیں کہ کئی سو ایکڑ زمین پر پھیلے ہوئے آموں کے باغات اس لئے کاٹے جا رہے ہیں کہ وہاں پانی میسر نہیں ہے۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ اس calamity سے اس ملک کو بچائے۔ اس لئے کہ ظاہری بات ہے کہ نوابشاہ کے آم پورے ملک میں جاتے ہیں اور اگر پانی کی کمی کی وجہ سے یہ باغات کاٹ دیئے جائیں گے تو ہزاروں آدمی وہاں روزگار سے محروم ہو جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب احمد علی صاحب۔

## ii.) RE: UN-NECESSARY DEMAND OF OLD IDENTITY CARDS.

سینیٹر احمد علی، جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ بہت اہم public importance کے معاملے کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ پاسپورٹ جمع کرتے وقت original I.D.Card جو نیا ہے وہ تو بالکل جائز بات ہے لیکن پرانا I.D.Card بھی اس کے ساتھ مانگا جاتا ہے۔ یہ میں سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جب نیا I.D.Card موجود ہے تو پرانا کیوں مانگا جا رہا ہے؟ کیا پبلک کو تنگ کرنے کا کوئی نیا طریقہ ایجاد ہو رہا ہے؟ جبکہ پرانے I.D. Card کا نمبر نئے I.D.Card پر موجود ہے اور وہی ان کے پرانے پاسپورٹ پر بھی موجود ہے میں یہ توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس وجہ سے عوام بڑی پریشانی میں ہیں۔ اس کو حل کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ کافی ضروری سوال ہے لیکن بدقسمتی سے وزیر متعلقہ اس وقت یہاں ہے نہیں

but I think we should make note of it and do ask him about it. I think it is a very valid point of order. Dar sahib.

## iii) RE: THE STATEMENT OF INDIAN EXTERNAL AFFAIRS MINISTER.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب چیئرمین! آج کی press report کے حوالے سے the Indian External Affairs Minister has given a statement in his press briefing. He said کہ ہم کشمیر میں جو انڈیا نے باڑ لگائی ہے اس پر بات چیت کرنے کے لئے تیار تھے، لیکن پاکستان نے، ہمارے منسٹر صاحب کا نام لے کر، قصوری صاحب نے اس issue کو raise ہی نہیں کیا۔ یہ آج کے اخبارات میں موجود ہے۔ Look at it sir, this is a very serious thing. We have been complaining in this House اور انہوں نے جو LOC پر باڑ لگائی ہے Look at it sir what happened in between Israel and Palestine اس میں International Court of Justice نے accept کیا One judge said that it should be demolished کل General Assembly نے قرار داد پاس کی ہے اور یہ Line of Control sir, it is not a permanent border. Never been accepted according to the UN Resolutions in 1949. Subsequently, we have been fighting for the last 50 odd years for this right اور وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم تیار تھے اس پر بات کرنے کے لیے Sir, I request جو Minister Sahib یہاں موجود ہیں یا Leader of the House to ask the Foreign Minister to clarify this issue کہ یہ کیا اصلیت ہے، یہ کیا بات ہوئی ہے It's all flashed in the newspapers many times.

Mr. Deputy Chairman: I think Shaikh Sahib has a plausible reasoning for it, I hope.

شیخ رشید احمد، جناب چیئرمین صاحب! ایک واضح بات جو قابل احترام ممبر نے کہی جو Line of Control ہے یہ ایک عارضی line ہے۔ یہ مستقل حل نہیں۔ پاکستان حکومت اس کو تسلیم نہیں کرتی اور نہ کسی قیمت پر تسلیم کرے گی۔ اس میں اندر کیا discussion ہوئی ہے اور بہت ساری باتیں اگر نہیں آئیں اس پر وزیر خارجہ صاحب ہوں تو وہ بہتر رائے دے سکتے ہیں۔ جہاں تک control line کا تعلق ہے پاکستانی حکومت اسے کسی قیمت پر تسلیم نہیں کرتی اور یہ غیر قانونی کام ہو رہا ہے۔ یہ ہماری واضح پالیسی ہے جو کسی صورت میں بھی قابل قبول نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، سانکزئی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی، جناب بڑی مہربانی۔ مسئلہ یہ ہے کہ نئی صورت حال جو بنی ہے پاسپورٹوں کے متعلق۔ یہ ہمارے ہاں بھی شکایت ہے جیسے سینیٹر صاحب نے فرمایا۔ بلوچستان میں بھی یہ صورت حال ہو رہی ہے۔ کہتے ہیں کہ پرانا شناختی کارڈ لائیں۔ اب اس کو منسوخ کر دیا۔ جب پرانا تھا تو کہتے تھے نیا لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اس پر بات ہو گئی ہے۔ اس میں، میں نے کہا ہے کہ

Take notice of it and inform the Minister.

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی، آگے میں ایک صورت بتا رہا ہوں ۔ وہاں اگر ہوتا ہے تو وہ بہت دور دراز علاقے ہیں۔ اسلام آباد میں ہمارے ساتھ صورت حال یہ ہے As a Senator اب طریقہ کار انہوں نے یہ بنایا۔ اگر ہم کسی باہر کے ملک میں جانا چاہتے ہیں، آپ کو بھی معلوم ہے کہ ہمیں سینیٹ کا عملہ deal کرتا ہے اور ان کو کہتے ہیں جی کہ فی الحال آپ registration کرائیں۔ پندرہ دن کے بعد اس کا جواب لیں۔ دو مہینے کے بعد ہماری مرضی ہو گی۔ آپ نے اگر Gratis Passport دیا ہے کہ یہ ہمارا استحقاق بھی ہے اور کوئی سفارت خانہ اتنی جرات نہیں کر سکتا کہ ہمیں ایسے کہے جبکہ ان کا ایک xxx یہاں آتا ہے، xxx نما شخص اور ہمارے وزیر داخلہ سب ہوتے ہیں۔ ان کی تو بڑی آؤ بھگت ہوتی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ expunge کر دیں۔

---

\+ xxx Words expunged by the orders of Deputy Chairman)

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی: یہ بڑا مسئلہ ہے، آج اگر ہمارے ساتھ ہے، کل یہ House leader کے ساتھ بھی ہوگا۔ آپ پہلے سینیٹر ہیں بعد میں چیئرمین۔ آپ کے ساتھ بھی ہوگا۔ ہوسکتا ہے کسی اور کے ساتھ بھی ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ساتکزئی صاحب! آپ کا point valid ہے۔ اس دن I think قصوری صاحب آئے تھے۔ انہوں نے آپ کو یہ سارا explain کیا تھا in detail

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، انہوں نے کہا تھا کہ بتائیں گے مگر ابھی تک نہیں بتایا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بروہی صاحب۔ ذرا اپنا mike on کر دیں۔

## iv) RE: MISERABLE PLIGHT OF WAPDA

سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، جناب چیئرمین! مہربانی۔ عرض یہ ہے کہ اس دن اس مسئلے کے حوالے سے میں نے اس ہاؤس کو، آپ کو متوجہ کیا تھا کہ لاڑکانہ میں بجلی کی تاریں تمام اتنی خستہ ہیں کہ وہ پہلے بھی گری ہیں اور وہاں پر واپڈا کے حوالے سے حالت بڑی خراب ہے۔ گزارش یہ ہے کہ اس حوالے سے میں نے ایک Question بھی put up کیا تھا۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ متعلقہ وزیر سے کہا جائے کہ وہاں پر تاروں کو change کیا جائے۔ پہلے بھی 1100 KV watts کی تار وہاں area کی آبادی کے اوپر سے گزر رہی ہے۔ وہ وہاں پر گری تھی۔ جس سے کافی نقصان بھی ہوا ہے اور اس طرح کافی problem ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ کافی serious معاملہ ہے۔ Minister Sahib ہیں نہیں۔ آپ نے پہلے بھی کہا تھا تو I have already told him وہ میرے خیال میں خود آ کے اس کا جواب دیں گے۔ ہاں بولئے ہدایت اللہ صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ میرا سوال وزیر آب اور برق سے ہے۔ ہمارے صوبہ سرحد میں -----

جناب ڈپٹی چیئرمین، وہ تو یہاں ہے ہی نہیں۔ یہ Point of Order ہے۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جی جی۔ بجلی عموماً شہروں میں بند رہتی ہے بالخصوص

مانسہرہ میں نصف نصف دن بند رہتی ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ذرا ان کو ہدایت فرمائیں اور لوگوں کے فرمائیں اور لوگوں کے حال پر رحم فرمائیں۔ خاص طور پر بجلی ان علاقوں میں بند رہتی ہے جہاں تربیلا ڈیم ہے۔ ان لوگوں نے قربانی دی ہے، آج تک ان کو بجلی کی سہولت میسر نہیں ہوئی اور جو بجلی ہے وہ بھی بڑی کمزور ہے، نہ پنکھے چلتے ہیں نہ کوئی اور ان کو سہولت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ہدایت تو میں نہیں ان کو دے سکتا ہدایت تو صرف آپ ہی دے سکتے ہیں۔ میں صرف انہیں کہہ سکتا ہوں۔ مہیم خان صاحب۔

## v) RE: ROLE OF F.C IN BALOCHISTAN

سینیٹر مہیم خان بلوچ، جناب والا! FC جو semi military force ہے، بلوچستان کے تمام علاقوں میں، شہروں میں، دیہاتوں میں اور سڑکوں پر 35000 کی تعداد میں موجود ہے اور ہر جگہ ان کے قلعے ہیں۔ وہاں ان کو امن و امان کے حوالے سے تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے بعد اب گزشتہ دس سال سے anti-smuggling کے حوالے سے وہ سڑکوں پر بھی موجود ہیں۔ اب نوبت یہاں تک آ گئی ہے کہ یہ امن و امان اور anti-smuggling والی force اب "بکسہ ڈالو فورس" بن چکی ہے۔ بکسہ چیک پوسٹوں پر رکھا ہوا ہے۔ میں اس ایوان میں یہ الفاظ بڑے دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہاں مسافر جو بسوں میں آتے ہیں ان کے الفاظ ہیں کہ وہ سپاہی کہتے ہیں چیک پوسٹ پر تھوکو، ہم پر تھوکو، وردی پر تھوکو لیکن اس بکس میں پیسے ڈالو۔ ہمارا کسٹم کا جو main department ہے گزشتہ ہفتے اس نے دو دن کانفرنس کی، اس میں انہوں نے اعتراف کیا کہ ہماری بہت سی چیک پوسٹیں اور ہماری موبائل فورسز ناکام ہوگئی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کا point آ گیا ہے، آپ نے کہا ہے کہ چیک پوسٹوں پر انہوں نے بکس رکھے ہوئے ہیں بغیر پیسے کے کام نہیں کرتے۔ point is amply made، آپ کی بات پوری ہوگئی ہے، سمجھ آ گئی ہے، ثناء اللہ خان۔

## vi) RE: FAKE HOUSING SCHEMES IN GWADAR

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب چیئرمین آپ کا شکریہ، مہیم خان صاحب کی بات سے

اتفاق کرتے ہوئے بلوچستان میں کچھ mega projects announce کیے گئے اور ان کی آڑ میں کچھ شاطر لوگوں نے خاص طور پر گوادر میں زمینوں کی جعلی قسم کی خرید و فروخت شروع کر رکھی ہے ' golden palm housing scheme کے نام پر' Creek housing scheme کے نام پر وہاں سو یا پچاس ایکڑ زمین لی گئی جبکہ اسلام آباد' لاہور' دوبئی اور امریکہ میں جو مظلوم پاکستانی ہیں ان کو غلط بیانی کرکے ہزاروں ایکڑ کی زمین بتائی جا رہی ہے ' زمین بھی جعلی ہے ' NOC اس کا حاصل نہیں کیا گیا۔ اس سے ہٹ کر لاکھوں اور کروڑوں روپے overseas میں پاکستانیوں سے بٹورے جا رہے ہیں کہ یہاں پر ایک mega city develop ہوگا ' یہاں پر investment ہوگی' ہماری گزارش یہ ہے کہ اس ایوان کے توسط سے ان overseas Pakistanis کو جو یہ جعلی companies ہیں اور جن کے پاس اتنی بڑی زمینیں نہیں ہیں۔ جو بینکوں سے بھی غلط پیسہ لے رہے ہیں اور disinformation پھیلا کر لوگوں کو لوٹ رہے ہیں ۔ گوادر پروجیکٹ پر وہاں پر زمینوں پر صوبے اور وفاق کے درمیان کافی تنازعہ بھی چل رہا ہے' لہذا ان housing societies کو فی الفور بند کیا جائے ' ان پر پابندی عائد کر دی جائے تاکہ وہ مظلوم جو overseas میں جہاں کہیں بھی رہ رہے ہیں وہ اخبارات اور اشتہارات کے ذریعے ان شاطروں کی چال میں نہ آسکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ، نگہت مرزا صاحبہ۔

## vii) RE: OBSCENITY ON CABLE T.V

سینیٹر مسز نگہت مرزا، جناب چیئرمین! اس سے قبل بھی میں نے cable operators کو کھلی چھٹی دیے جانے پر شیخ صاحب سے بات کی تھی اور اس کا اثر بھی ہوا تھا۔ کچھ وقت سے جو بے حیائی کا سلسلہ شروع ہوا وہ رک بھی گیا تھا۔ اب آج کل والدین کی طرف سے مسلسل فون آ رہے ہیں ۔میرے پاس faxes کی ایک بڑی تعداد موجود ہے ' مہربانی کرکے شیخ صاحب ایک پورے دن کی چھٹی کریں اور ٹی وی کے سامنے بیٹھ جائیں اور دیکھیں کہ وہ نئی نسل کو کیا دے رہے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Sheikh Sahib, you don't have to answer it, but if you want to respond, you can.

شیخ رشید احمد، جناب چیئرمین، اگر مجھے کوئی خاص channel بتایا جائے تو ابھی نوٹس لیتا ہوں۔

سینیٹر مسز نگہت مرزا، جناب چیئرمین! میں نے تو سنا ہے کہ پہلے تو رات کے کسی وقت غالباً ایسا ہوتا تھا اب پورے دن ہی یہ سلسلہ ہوتا ہے اسی لیے میں کہہ رہی ہوں کہ شیخ صاحب چھٹی کر کے بیٹھ جائیں اور خود دیکھ لیں کہ کیا ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی، جناب چیئرمین، سب سے پہلے میں ثناء بلوچ کے point کے متعلق بات کرتا ہوں اور مہیم خان نے جو ایف سی کے متعلق بات کی ہے تو یقیناً جس مقصد کے لیے ان کو تعینات کیا گیا ہے وہ صرف پیسہ اور بھتہ کمانے کے لیے وہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور ہمارے لیے بڑی مصیبت بن گئے ہیں۔ منشیات اور اسلحہ کھلے عام ہے اور جو خورد و نوش کے items ہیں، آٹا ہے، بسکٹ ہے ان کو پکڑا جا رہا ہے۔ یہ غریبوں کے لیے بڑا مسئلہ ہے۔ اس کے لیے میں آپ سے کہتا ہوں کے آپ ruling دیں۔ وزیر داخلہ صاحب ایک meeting call کریں، سینیٹ کی کمیٹی بنائیں اور تمام check posts کا جائزہ لیں۔

دوسرا یہ point میں نے پچھلی دفعہ بھی اٹھایا تھا لیکن وزیر صاحب نہیں تھے یعنی راؤ سکندر صاحب۔ دبئی سے تربت route ہے، مکران بلوچی---

جناب ڈپٹی چیئرمین، Point of order ایک ہوتا ہے۔ آپ دو دو points of order پر بات کرتے ہیں۔ One point is one point ابھی آپ بات کرلیں، آئندہ نہیں ہونا چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی، جو route مکران سے تربت ہے اس کے لیے بھی ابھی تک بندوبست نہیں ہوا ہے، کل میں نے وزیر صاحب سے بات بھی کی تھی۔

تیسری بات یہ ہے کہ بریگیڈیئر مقصود الحسن جو D.G. Education ہیں وہ 2000 میں contract پر آئے تھے، پھر 2002 میں دو سال کی extension دی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ کتنے ہو گئے ہیں؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی، اب دوبارہ انہوں نے 2 سال کے لئے مزید extension مانگی ہے۔ Public Service Commission کی report ہے کہ اس کو extension نہ دی جائے کیونکہ وہ اس field کا بندہ نہیں ہے۔ میں کل کے "Dawn" اخبار کا حوالہ دیتا ہوں کہ یہ زیادتی ہے کہ جب senior بندے وہاں موجود ہیں، اس کے متعلق میرا سوال بھی تھا۔ مجھے غلط جواب دیا گیا جس سے میرا استحقاق بھی مجروح ہوا۔ میں اس مسئلے کو کمیٹی میں بھی لے جاؤں گا۔ آپ instructions جاری کریں کہ اس کو مزید extension نہ دی جائے۔ یہ ان لوگوں سے زیادتی ہے جو experts ہیں اور میری تجویز ہے کہ Ministry میں جو experts ہیں ان کو promote کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ٹھیک ہے بلیدی صاحب۔ دیکھیں آپ دوستی کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جی سرور کاکڑ صاحب۔

viii) RE: FATE OF TEMPORARY ENGINEERS.

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب چیئرمین! آج شیخ رشید صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، میں آپ کے توسط سے ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں 28 انجینئیر ایسے ہیں جو گزشتہ 8 سالوں سے ابھی تک temporary ہیں۔ جو لوگ دوسرے صوبوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ وہاں permanent آ جاتے ہیں۔ ہماری خالی جگہیں بھی پر کرتے ہیں۔ ہمارے temporary Engineers کو یہ regular نہیں کرتے ہیں۔ یہ ہمارے صوبے کے ساتھ زیادتی ہے۔ جناب! شیخ صاحب کے ہوتے ہوئے ہمارے ساتھ یہ ظلم ہو رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شیخ صاحب یہ تو direct آپ سے تعلق رکھتا ہے، اس لئے جواب دے ہی دیں۔

شیخ رشید احمد، جناب چیئرمین! میرے ہوتے ہوئے زیادتی نہیں ہوسکتی۔ پچھلے دس سال سے یہ temporary ہیں اور ابھی بھی ہیں۔ یہی پالیسی ہے کہ وہ temporary رہیں گے۔ ورنہ جو ایک طریقہ کار ہوتا ہے، interview ہوتا ہے یعنی پھر ان کو گورنمنٹ کے rules and

regulations کے مطابق آنا پڑتا ہے۔ Advertise کرنا پڑتا ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ وہ ان 28 میں یہ fit بیٹھ جائیں۔ ابھی ہماری یہی پالیسی ہے۔ ہم سوچ رہے ہیں اگر گورنمنٹ نے اس پر ہمیں اجازت دے دی تو ہم کوشش کریں گے کہ کاکڑ صاحب کے معیار پر پورا اتریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی بنگزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، میرا point of order یہ ہے کہ اس وقت جو CIC بن رہے ہیں computerized identity cards ان میں جو سوالات ہیں وہ اتنے پیچیدہ اور complicated ہیں کہ ہمارے بلوچستان کے لوگوں کو انہیں fill in کرنے میں کافی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین! age کے حوالے سے فرض کریں کسی نے غلطی سے اپنی عمر دو مہینے زیادہ لکھوا دی تھی۔ اس حوالے سے جب ہم ان سے بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ کورٹ میں جا کر اس کی verification کروا لیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ کورٹ میں کوئی ایسا بندہ بیٹھا ہو گا جو لوگوں کی عمروں کا تعین کر سکتا ہو۔ اس کے لیے ایک میڈیکل آفیسر ہوتا ہے جو عمر کا تعین کر لیتا ہے۔ لیکن ہمارے ساتھ ایک المیہ یہ ہے کہ پورے صوبے میں ایک ہی Dental Surgeon ہے جو Quetta Headquarter میں بیٹھتا ہے باقی اضلاع میں----

جناب ڈپٹی چیئرمین، ٹھیک ہے Medical Centres ہونے چاہئیں، point is noted.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، وہاں کے جو District Headquarters Hospitals ہیں وہاں پر Board تشکیل دینا چاہیے تاکہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر، ان کے گھروں پر سہولت ملے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، بس point ہو گیا آپ کا۔ Point has gone home.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، اس کے لیے پھر ہمیں جواب کب ملے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اب جواب کون دے گا اس کا۔ Point of order کا جواب نہیں ہوتا۔ آپ نے ایک point دے دیا اور وہ register ہو گیا، no discussion on it. نگہت

آغا صاحب۔ دیکھیے وہ ان کی مرضی ہے، he is not obliged to give you answer. Buledi sahib نہیں، دیکھیے اگر point of order یہ ہوتا ہے کہ آپ نے اپنا point register کرا دیا اور that is enough.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب چیئرمین! میں اس کے procedure کے متعلق بڑی دفعہ عرض کر چکا ہوں کہ points of order جو ہوتے ہیں یہ ہماری debate کا حصہ بن رہے ہیں اور جو آنے والی Parliaments ہیں یا جو ہماری provincial assemblies ہیں ان کے لیے یہ ایک مشعل راہ ہوگا۔ اس میں جناب! ہماری ساری proceedings جائیں گی، اس میں یہ جو points of `order raise ہوتے ہیں اور ان کا جواب نہیں آتا، نہ Adjournment Motion ہوتی ہے جس کا کوئی وزیر جواب دہ ہو۔ ایک گھنٹہ میں information لے کر وہ جواب دے۔ جواب بھی expect کرتے ہیں، سوال بھی ہم اٹھاتے ہیں اور پھر جناب! اس کے بعد یہ ہے کہ یہ ----

Mr. Deputy Chairman: Bhinder sahib, I totally agree with you.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب! out of order rule نہیں ہوتے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہر point of order پر اس کا decision آنا چاہیے اور یہ point of order خواہ آپ اجازت دے دیں ان کو کہ یہ raise کریں لیکن کم از کم اس کے متعلق decision دیجیے تاکہ آپ کی Parliamentary debates درست رہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کچھ ایسے points ہیں لیکن یہ تو totally out of order ہیں لیکن چونکہ یہاں پر ریت آپ لوگوں نے ہی چلائی ہے، میں نے نہیں چلائی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: No, no, not at all, most of them, Dar sahib, you know it and Raza sahib,

آپ بھی مسکرا رہے ہیں، آپ کو بھی پتہ ہے کہ most of them are not but یہاں ایک سلسلہ چل پڑا ہے تو اب اسے چلنے دیں۔ آپ سمجھا کریں تھوڑا بہت۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، جناب چیئرمین! ایک تو، جہاں تک ٹی وی کا تعلق ہے میں ان کی تائید کرتی ہوں اور میں وزیر صاحب کو programmes بھی بتا دوں گی اور وقت بھی بتا دوں گی اور channels بھی بتا دوں گی چونکہ میرے بچے تو چھوٹے نہیں ہیں مجھے effect نہیں ہوتا لیکن میں لکھ کر بتا دوں گی۔ Main چیز جس کے لیے میں کھڑی ہوئی ہوں وہ پہلے بھی بہت دفعہ request ہو چکی ہے، ریلوے کے وزیر یہاں نہیں ہیں، میں request ہی کر سکتی ہوں کہ Railway lines پر پھاٹک نہیں ہوتے، مہربانی کر کے جس طرح بھی ہے، جانیں زیادہ قیمتی ہیں ریلوے پھاٹکوں سے۔ پھاٹک لگا دیے جائیں، آج بھی کافی deaths ہوئی ہیں، please اس پر کچھ غور کیا جائے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین، بھئی انہیں جواب تو دینے دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، جناب چیئرمین! ٹی وی پر قومی اسمبلی کو 8 سے 10 منٹ اور سینیٹ کو ڈیڑھ منٹ ملتا ہے۔ یہ ہمارے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں اور اپنے آپ کو چار دفعہ دکھاتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ہاں وہ تو ہے۔ دیکھیں انہیں ناراض نہیں کریں ورنہ بالکل ہی نہیں آؤ گے۔ ویسے شیخ صاحب یہ complaint ہے۔

شیخ رشید احمد، دیکھیں جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں اور احسان مند بھی جہاں تک محترمہ نے فرمایا کہ وہ channel مجھے دکھائیں گی تو جب وہ channel دیکھیں گی پھر میں بھی دیکھوں گا پھر action لوں گا۔ ظاہر ہے میں دیکھ کر ہی فیصلہ کر سکتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جاوید اشرف قاضی صاحب۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جناب! میں یہ point clear کرنا چاہتا ہوں cable operators کا' یہ lack of enforcement ہے۔ PEMRA کے orders کے مطابق Indian channels پر پابندی ہے لیکن cable operators بذات خود ہر شہر میں Indian channels کو دکھا رہے ہیں۔ کوئی ایک channel کی بات نہیں، point is کہ جتنے

banned channels ہیں یا ایسے channels ہیں جو نہیں دکھانے چاہیئں وہ سرے عام بغیر خوف خطر وہ دکھا رہے ہیں اور PEMRA اس پر اپنی enforcement نہیں دکھا سکی ہے۔ This is the problem. صرف یہی نہیں ہے کہ صرف ایک channel ہے جسے شیخ صاحب کو دکھا دیا جائے ۔ PEMRA is the one which has got to take action.

شیخ رشید احمد : میں معزز رکن کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے پتا ہے کہ enforcement کیا ہے اور یہ کب apply کرنی ہے۔میں اس سے بخوبی آگاہ ہوں۔ آدھی اسمبلی کے ممبر جو channels دیکھتے ہیں، جب میں انہیں بند کرتا ہوں تو وہ مجھے کہتے ہیں کہ آپ نے فلاں channel پر حملہ کروا دیا ہے۔ میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میں گورنمنٹ کی پالیسی کو مد نظر رکھ کر قدم اٹھاتا ہوں۔ میں agree کرتا ہوں کہ legally اس پر پابندی ہے۔ جہاں تک practically function کا تعلق ہے تو یہ چوری چھپے لگے ہوئے ہیں اور لوگوں نے انہیں ایسی ایسی جگہوں پر لگایا ہوا ہے کہ سن کر حیران ہوں گے۔ میں اس کے بارے میں ابھی کچھ کہنا نہیں چاہتا ۔ جہاں تک channels کا تعلق ہے ، جناب والا! اس کے بارے میں، میں یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ channels کا ایک ایسا طوفان آ رہا ہے جسے روکنا مشکل ہوگا۔ میں معزز رکن کو بتانا چاہتا ہوں کہ اسلام آباد میں 4700 روپے کا ایک decoder ملتا ہے اور اس پر 700 channels آتے ہیں۔ PEMRA جو مرضی کرے، وہ 700 channels کو نہیں روک سکتا۔ اگر ہم نے موجودہ قانون پر سختی سے عمل کیا تو آپ دیکھیں گے کہ یہ سارے channels ہمارے ملک سے باہر چلے جائیں گے۔

جناب چیئرمین! اس وقت دنیا میں سائنس کی ایک ایسی صورت حال بن گئی ہے کہ 4700 روپے کا ایک decoder ہے، اس پر لوگ 700 channels دیکھ رہے ہیں۔ انہیں کسی cable operator کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم DTH میں جا رہے ہیں۔ DTH میں 200 سے 300 تک channels آ رہے ہیں۔ دو private channels آ رہے ہیں اور PTV خود اسی طرف جا رہا ہے۔ اب ان 300/400 channels میں بعض channels ہو سکتے ہیں جو دیکھنے کے قابل نہیں ہوتے۔ جناب چیئرمین! میں معذرت کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ بعض channels کی timing

ایسی ہوتی ہے کہ وہ ہمارے ہاں آ جاتے ہیں۔ ساری دنیا کے channels پر decoder لگا دیا جاتا ہے۔ اسے ban کیا جاتا ہے کہ یہ نہ آئیں۔ اب سب TV's میں بھی یہ سہولت آ چکی ہے۔ جناب والا! اتنی تیزی سے ترقی ہو رہی ہے کہ اگر یہ سلسلہ DTH سے بھی کچھ آگے چلا گیا تو یہ بالکل ایک نیا طوفان ہو گا جسے روکنے کے لئے کوئی special قانون ہی بنانے پڑیں گے۔

جناب والا! جن لوگ کے پاس ہم پولیس بھیجتے ہیں اور جو صورت حال ہے، میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا۔ ہمارے ملک میں PEMRA کا قانون لاگو ہے لیکن اس کے متعلق معذرت سے عرض کروں گا کہ صوبہ سرحد میں بعض لوگوں نے honda motor-cycles کی battery سے 9 kilometers تک کی range کے اپنے transmeters satellite set کر لئے ہیں۔ یہاں تک کہ چوزوں کے گتے کے ڈبوں میں لوگوں نے transmeters لگا لئے ہیں۔ سائنس ترقی کر رہی ہے۔ میں اسے کیسے روک سکتا ہوں۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ poultry farms کے ڈبوں میں motor-cycle کی battery سے چھوٹے چھوٹے آلات جو باہر سے آئے ہیں، لگا کر پروگرام دیکھتے ہیں۔ وہ زمانہ اب چلا گیا جب مشینری بہت بڑی ہوتی تھی۔ میں معزز رکن کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم نے وہی قانون رکھا ہوا ہے۔ بعض international معاملات ہیں۔ میں نے بڑے طوفان کو روکنے کے لئے چھوٹی برائیوں کی تھوڑی بہت اجازت دی ہوئی ہے کیونکہ delegations, main مذاکرات کے لئے بہت شرائط رکھتے ہیں۔ میں اس تفصیل میں زیادہ آگے نہیں جانا چاہتا کیونکہ وہ مجھ سے زیادہ زیرک، دوراندیش اور معاملہ فہم ہیں۔ بہت ساری برائیوں کو روکنے کے لئے میں نے ہاتھ ڈھیلا رکھا ہوا ہے ورنہ جو delegation آتا ہے، اس کا first agenda یہی ہوتا ہے کہ T.V channels کھولیں۔

(مداخلت)

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جو law آپ enforce نہیں کر سکتے، اسے آپ change کر دیں۔

شیخ رشید احمد: یہ سنتے سنتے ہم بھی اس عمر کو پہنچ گئے ہیں۔ مجھ سے پہلے والے لوگ بھی اسے enforce نہیں کر سکے۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، آپ پھر اس law کو change کریں جس پر عمل نہیں کر سکتے۔

Sheikh Rashid Ahmad: There is always a case behind a case.

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرا خیال ہے کہ وزرا صاحبان آ گئے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، سینیٹ کے اجلاس کی کارروائی نہ دکھانے کے بارے میں سوال کو چھوڑ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھیں۔

شیخ رشید احمد : جناب والا! یہ ہماری خوشی قسمتی ہے کہ ہماری سینیٹ بہت active ہے لیکن بعض Points of Orders ایسے ہوتے ہیں کہ انہیں دکھانے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود اگر آپ ruling دے دیں کہ ہر چیز دکھائی جائے تو میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اسے دکھایا جائے گا۔جناب والا! ہم نے یہاں سے ممبروں کے اعتراض کی وجہ سے دو دفعہ اپنے نمائندے بدلے ہیں۔ بعض ایسے Points of Oorder ہیں جو legal or important ہیں، انہیں دکھانا چاہیے۔ ہم نے TV کی پالیسی میں بڑی تبدیلی کی ہے۔آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہم almost Opposition کو بھی اتنا ہی time دے رہے ہیں جتنا treasury benches کو دیتے ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر کوئی کمی رہ گئی ہے تو اسے بھی دور کرنے کی کوشش کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ویسے Points of Order, live نہیں آتے، صرف questions and answers ہی آتے ہیں۔

شیخ رشید احمد : جناب والا! questions and answers, as it is آرہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ہاں ! صرف questions and answers آتے ہیں۔ باقی معاملات کا خلاصہ پیش کر دیتے ہیں۔ Shoud we get back to the business now?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی، میرا ایک Point of Order ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرا خیال ہے کہ رضا خان بڑی دیر سے انتظار کر رہے ہیں اور مولانا سمیع الحق صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔

So, I will take two from here and two from there.

آپ تشریف رکھیں۔ ان کے بعد آپ کی باری ہے۔

سینیٹر طاہرہ لطیف، جناب والا! میں بھی کافی دیر سے ہاتھ کھڑا کئے ہوئے ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں نے تو آپ کا ہاتھ دیکھا ہی نہیں ہے بلکہ آج تو میں مسلسل آپ ہی کی طرف دیکھ رہا ہوں لیکن آپ نے ہاتھ ہی نہیں اٹھایا۔ رضا صاحب! آپ بولیں۔

ix) RE: PROBLEMS ARISING OUT OF DROUGHT IN BALOCHISTAN

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! گزارش یہ ہے کہ بلوچستان کا تمام صوبہ بالخصوص اس کا پشتون علاقہ گزشتہ کئی سالوں سے بدترین drought کا شکار ہے۔ ہماری تمام زراعت تقریباً تقریباً تباہ ہوگئی ہے۔ مال مویشی بھی تقریباً تباہ ہوگئے ہیں۔ میں یہی کہوں گا کہ اگر کوئی پانچ دس فیصد رہتی ہے۔ ہمارے بڑے بڑے شہروں میں پینے کے پانی کا ایک سنگین مسئلہ بن گیا ہے اور جب سے یہ ایٹمی دھماکہ ہوا ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ سائنسی طور پر اس کی کیا توجیہہ ہے لیکن جو drought ہے وہ مسلسل ہے۔ ماضی میں ایک آدھ سال ایسے ہوتا تھا لیکن اب راجستھان میں بھی ہے جہاں ایٹمی دھماکہ ہوا ہے اور بلوچستان میں بھی، ہمارے نزدیک جو طویل سالوں سے قحط سالی ہے، اس کا اصل سبب شاید یہ ہے۔ اس کے لیے ہنگامی بنیادوں پر گورنمنٹ توجہ دے۔ ہماری زراعت کے لیے یا مال مویشی کے لیے کچھ نہیں کر سکتے تو کم از کم ہمارے پینے کے پانی کا مسئلہ انتہائی سنگین صورت اختیار کر گیا ہے تو اس کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کوئی پروگرام تیار کیا جائے اور اس کے لیے کوئی خصوصی رقم مہیا کی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ، احمد علی صاحب، آپ کی یہ دوسری دفعہ ہے۔

سینیٹر احمد علی، دیکھیں! کہ PIA کی فلائٹ جانے کے لیے تیار ہے 'آپ اپنے موبائل بند کر دیں اور smoking بند کر دیں ۔ٹھیک ہے ہم agree کرتے ہیں' بند کر دیں گے لیکن کاک پٹ میں جو حضرات بیٹھے ہیں ان کی smoking جاری ہے اور اس کے ساتھ ان کے جو دوسرے ساتھی ہوتے ہیں وہ بھی وہاں پہنچ کر سگریٹ پی رہے ہیں ۔ کیا یہ circulation میں نہیں یا کاک پٹ کا circulation کوئی الگ ہے۔جناب! اس کو دیکھا جائے ۔ ان سے جب پوچھا جائے تو کہتے ہیں کہ ہمیں allowed ہے۔یہ کیا بات ہوئی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ ' مولانا سمیع الحق صاحب ' وہ بڑی دیر سے کھڑے ہیں وہ پھر خفا بھی جلدی ہو جاتے ہیں ۔

سینیٹر مولانا سمیع الحق، آپ ہمیں باری نہیں دیتے ۔ جو چیختے چلاتے ہیں ان کو تین تین دفعہ باری دیتے ہیں ۔آپ کی نظر پیچھے جاتی کم ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، مولانا صاحب بولیں - please attention in the House, اب میں نے آپ کا ہاتھ دیکھ لیا۔ مولانا صاحب فرمائیں۔

سینیٹر مولانا سمیع الحق، آپ کی نظر ربانی صاحب سے ہٹے تو -----

جناب ڈپٹی چیئرمین ، آپ کی تو صرف داڑھی نظر آتی ہے۔ ادھر ہاتھ نظر آتا ہے۔

سینیٹر مولانا سمیع الحق، میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا تھا وہ بات ہو بھی گئی ۔ میں آپ کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا تھا لیکن آپ اپنی-----

جناب ڈپٹی چیئرمین ، yes, Yes, خراج دیتے رہیں۔ خراج کسی صورت میں بھی ہو

(قہقہے)

سینیٹر مولانا سمیع الحق، آپ سخت تلخ و ترش باتیں سنتے ہیں اور پیار والی نہیں سنتے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، سنائیں۔

سینیٹر مولانا سمیع الحق، میں یہ عرض کرتا ہوں کہ واقعی آپ نے بڑی اچھی روایت قائم کی ہے۔ پندرہ، بیس، پچیس سالوں سے میں پارلیمنٹوں میں دیکھ رہا ہوں، اس فراخ دلی سے point of order کا موقع نہیں دیا گیا۔ یہ حقیقت ہے۔ اب یہ call attention notice اور تحریک التواء پر ہفتوں گزر جاتے ہیں معاملہ وہیں رہتا ہے اس لیے ان کی کوئی افادیت ہونی چاہیے کہ یہ point of order بڑے اہم مسائل پر بھی ہیں چھوٹے چھوٹے مسائل پر بھی ہیں۔ میں بھی کہنے والا تھا کہ میرے گھر کا میٹر صحیح نہیں چل رہا ہے۔ یہ بھی point of order بن سکتا تھا لیکن اس پر کوئی ایسا نظام بنائیں کہ کوئی نوٹس لے لیا جائے اور جواب دیا جائے تو اس کام کی کوئی افادیت ہوگی اور وقت بھی ضائع نہیں ہوگا۔ ان points of order کے دوران کوئی منسٹر نہیں ہوتا تو مشاورت سے بھنڈر صاحب اور سب کوئی ایسا سسٹم کرلیں۔ اس کا ایک فائدہ بھی نکلے گا۔ صرف یہ گزارش تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، مولانا صاحب! جہاں تک اس بات کا تعلق ہے تو بھنڈر صاحب کی جانب سے بالکل کوئی تجویز آنی چاہیے۔ میں نے پہلے ہی suggest کیا تھا۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، اس time کو آدھا گھنٹہ تک confine کرنے کا صرف ایک ہی حل ہے کہ Zero Hour amendment کرکے تین یا چار points of order کی آپ اجازت دے دیں اور زیادہ اجازت نہ دیں۔ دیکھیئے جناب ہم نے ۱۲ بجے meet کرنا تھا۔ ڈیڑھ بج چکا ہے۔ ابھی تک کچھ نہیں ہو سکا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، بھنڈر صاحب! پہلے تو ہم آنے late ہیں۔ آپ لوگ نہیں تھے میں صبح ساڑھے دس بجے کا ادھر بیٹھا ہوں

and that is to cover your point, at 10.30 I sent people here to find out and I did it myself but there was nobody here. That clarifies the chair. And as far as the point of order is concerned whatever

میرا جو چھوٹا سا دماغ ہے

I think ,I have got about ten twelve of them and I note them down and

Isend little chit to the various Ministers that these were the points of order.

یہ میرے پاس پڑے ہوئے ہیں آپ دیکھ لیں۔ اچھا۔ آپ بول چکے ۔ ابھی question hour

کو تو چھوڑیں lets get this business through .It will take two minutes and thats

it. بنگزئی صاحب نہیں اچھا رضا ربانی صاحب this is the last one.

## X) RE: UN RESOLUTION AGAINST ISRAELI EXPANSIONISM

سینیٹر میاں رضا ربانی، Sir, thank you. جناب چیئرمین صاحب! آپ کے ذریعے توجہ House کی بھی اور بالخصوص Leader of the House کی چاہوں گا کہ آج ایک بار پھر بڑے عرصے کے بعد ایک ایسی International Organization جو اپنی افادیت کھو چکی تھی اور کھو چکی ہے، United Nations کی General Assembly نے کل ایک قرار داد پاس کی ہے جس میں اس نے International Court of Justice کی جو ruling تھی، اس کو uphold کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک نہایت تاریخی بات ہے 'یہ ایک نہایت اہم بات ہے کہ پہلی دفعہ ایک redundant ادارے نے Israeli توسیع پسندی پر قدغن لگانے کی بات کی ہے۔ میں Leader of the House سے درخواست کروں گا کہ جیسے پہلے ہم نے فلسطین کے مسئلے پر جب International Court of Justice کی ruling آئی تھی تو House نے ایک consensus statement جاری کی تھی۔ ویسے آج بھی ہم اس بات کو appreciate کریں، welcome کریں کہ Israeli توسیع پسندی پر International ادارے نے notice لیا اور قدغن لگائی اور اس کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی condemn کیا جائے کہ باوجود اس کے اتنی بھاری اکثریت سے General Assembly نے اس کو pass کیا لیکن امریکی سامراج نے پھر بھی اپنی مخالفت جاری رکھی۔ میں Leader of the House سے request کروں گا۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Wasim sahib! I think, it is a good idea,

میرا خیال ہے، آپ کرلیں۔ آپ کو میں دے رہا ہوں، Leader of the House بول رہے ہیں، ان سے ڈریں۔

Senator Wasim Sajjad: Sir, I welcome the statement by Mr. Raza Rabbani, I join him and welcome the decision of the General Assembly of the United Nations in upholding International Rule of Law and I would say, International morality and in saying that the Judgement of the International Court of Justice should be implemented and I regret the fact that Israel continues to violate both the Judgements, of International Court of Justice as well as the Resolution of the General Assembly. It's a happy development, it's a good development, it is a process towards re-enforcing the International Orders which for some time had become a little shaky and we welcome it.

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much.

طاہرہ لطیف صاحبہ! آپ نے کوئی ضروری بات کرنی ہے، سنا ہے، آپ بولیں۔

سینیٹر طاہرہ لطیف، جناب چیئرمین صاحب! بہت شکریہ، آپ نے مجھے time دیا ہے، میں بڑی دیر سے ہاتھ کھڑا کر رہی ہوں لیکن شیخ رشید صاحب میرے سامنے تھے، اس لئے آپ کو نظر نہیں آیا ہے۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اسلام آباد میں وقتاً فوقتاً بجلی کا breakdown ہو جاتا ہے جس سے گھریلو بجلی کی اشیاء بھی متاثر ہوتی ہیں اور factories کا کام بھی رک جاتا ہے۔ اس کا کوئی proper سدباب کیا جائے اور اس کا کوئی alternate بندوبست کیا جائے۔ جناب چیئرمین! دوسری ایک اور بات یہ ہے جو بہت ضروری ہے، میرے پاس اسلام آباد کے around دیہات کے بہت لوگ آتے رہتے ہیں، ان کے اتنے مسائل ہیں، ان بےچاروں کے پاس رہائش کے لئے گھر نہیں ہے۔ وہ جب construction کرنے لگتے ہیں تو ان کا سامان CDA والے اٹھا کر لے جاتے ہیں، ان کو بھی---

جناب ڈپٹی چیئرمین، ان کو گھر provide کریں۔

سینیٹر طاہرہ لطیف، جی نہیں گھر provide نہ کریں، ان کو گھر بنانے کے لئے

اجازت دی جائے، ان کے آباؤ اجداد کی زمینیں ہیں، ان پر گھر بنانے کی اجارت دی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اچھی بات ہے، جی میں نے لکھ لیا ہے۔ last question

محترمہ رخسانہ زبیری صاحبہ and then we will get on with the business ڈار صاحب!

I mean last point of order. This is the joint sense of the House that the action of Israel has been condemned and action taken by the United Nations and International Court of Justice has been flouted. No, no I am not going to that.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب! یہ Israel کو قبول نہ کریں اور اس پر پابندیاں لگائی جائیں، Security Council میں پابندیاں لگائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، پروفیسر صاحب! سب سے پہلے گڑبڑ آپ نے شروع کی ہے کہ اس point of order کا اس قسم کا سلسلہ آپ نے شروع کروایا ہے ہاں۔ یہ جو خراج تحسین مجھے دے رہے تھے، یہ آپ کو دینی چاہیئے تھی۔ رخسانہ زبیری صاحبہ۔

سینیٹر (انجنیئر) رخسانہ زبیری، جناب! Pakistan Broadcasting Corporation کے Rule of Service میں یہ ہے کہ retirement سے دو سال پہلے home town میں posting ہو گی لیکن اس Rule کو flout کیا جا رہا ہے اور لوگوں کو بہت دور دراز علاقوں میں post کیا جا رہا ہے instead of posting them in their home town.

Thank you.

## LEGISLATION

### MOTION RE: AMENDMENT OF SENATE RULES

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Now, let us go back to the business. Item No.3 Amendment of Senate Rules Mr. Muhammad Raza Hayat Hiraj, Minister of State for Parliamentary Affairs may move item No.3

Mr. Muhammad Raza Hayat Hiraj: Honourable Chairman sir, I

beg to move that the proposed amendment in Chapter V regarding renumbering of the existing Rule 19 as Rule 19A and insertion of new Rule 19 in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, as reported by the Special Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Chairman: Anybody would like to speak? Its agreed upon. I now put the motion to the House. It has been moved that the proposed amendment in Chapter V regarding renumbering of the existing Rule 19 as Rule 19A and insertion of new Rule 19 in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, as reported by the Special Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: Mr. Muhammad Raza Hayat Hiraj, Minister of State for Parliamentary Affairs may move item No. 4.

Mr. Muhammad Raza Hayat Hiraj: Honourable Chairman sir, I beg to move that the proposed amendment in Chapter V regarding renumbering of the existing Rule 19 as Rule 19A and insertion of new Rule 19 in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, be passed.

Mr. Deputy Chairman: I now put the motion to the House. It has been moved that the proposed amendment in Chapter V regarding renumbering of the existing Rule 19 as Rule 19A and insertion of new Rule 19 in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: The motion is adopted and the amendments proposed in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, are passed.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I would like to make some suggestions to the honourable Leader of the House that our rules came into existence in 1988 and a lot of water has flown under the bridges since then and I think, I was hearing the proceedings of the National Assembly the other day, they have also constituted a bipartisan committee to look at the Rules of Procedure and suggest amendments in it. So, I would like to suggest to the honourable Leader of the House that if a bipartisan committee is formed here also, which could go through the Rules of Procedure and suggest amendments according to the requirement of the times.

Mr. Deputy Chairman: Wasim sahib.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I will consider it and I will discuss it.

## FURTHER CONSIDERATION OF THE BILL MOVED ON 14TH JULY 2004.

## RE: THE NON-PERFORMING ASSESTS AND REHABILITATION OF INDUSTRIAL UNDERTAKINGS (LEGAL PROCEEDINGS)(AMENDMENT) BILL, 2004.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہاں I think its a good idea. بات کرلیں and then we can been come out for something. We may now take the item

No. 5 the motion has already moved here and also opposed on 14th of July, 2004. Now, who would like to speak?

Senator Wasim Sajjad: Sir, in this case Mr. Ishaq Dar had moved an amendement which was accepted in the committee and I think let Mr. Ishaq Dar explain it because it is a technical matter.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ٹھیک ہے آپ یہ کرلیں۔ جی اسحاق ڈار صاحب۔

Senator Muhammad Ishaq Dar: Thank you Mr. Chairman. Sir, this law was referred to the Standing Committee on Finance. The original proposal of the government was that the sun set clause of CIRC should be extended indefinitely, a scope of work which was limited to those Financial Institutions in which the Federal Government held 85%, was to be totally removed and all private sector institutions were to be encompassed in their scope of work.

Sir, originally when the CIRC and the non-performing Assets, Laws were introduced, the idea was to clean up the balance sheets of those state owned financial institutions which were to be privatised. So, it was like two independent pockets of the same exchequer that if assets worth 47 billion were transferred and 6 billion to CIRC for disposal and they could dispose it on 7 billion, that's fine. Becuase you know loss at one phase is being shifted to the other one in order to clean our balance sheet. So, sir we opposed the original law in the Finance Committee and I requested the honourable members from the both sides there that we must limit the Federal Government's ownership to certain degree, in those

financial institutions because the state owned banks are just in very limited number whereas the private sector financial institutions or the banks are in very large number in Pakistan who are operating and it was not the desirable course to extend their sun set clause are indefinitely. They were trying to just get indefinite works. So, I am sir, grateful that both the Treasury and the Opposition Members in the Finance Committee agreed to our proposals and it was unanimously carried that the open ended CIRC functions will not be extended to all the institutions. They will only be limited to those Financial Institutions in which Federal Government will have any equity, any share holding. So, sir obviously, there were problems in Allied Bank which has been partly privatized, National Bank had gone down from 85 percent to below 80 percent. The Habib Bank has already gone to 49 percent. UBL has gone to 49 percent. So, there was a requirement and that is why we did acknowledge that practical difficulty. We propose an amendment and I appreciate all those Government members who were very kind and magnanimous in accepting a realistic proposal because it was a change and I appreciate that change because no matter how good a proposal had been coming from the Opposition on Habib Bank privatization, Euro Bond whatever they brush aside. So, sir those amendments have been unanimously incorporated and we fully support this Committee report. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Anybody else? Kamil Ali Agha.

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! لکھا ہوا ہے کہ الگ فہرست میں درج ترمیم

بھی پیش کی جائے گی لیکن وہ ترمیم ہمیں تو نہیں دی گئی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ترمیم ہوگی۔ ترمیم تو پروفیسر صاحب نے دی ہے۔ یہ circulate ہو چکی ہے۔ ابھی آپ کو ایک کاپی دیتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ ایجنڈے کے ساتھ منسلک کرنی چاہیے تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کو مل گئی؟

سینیٹر کامل علی آغا، جی اب مل گئی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ orders of the day کے ساتھ جاتی ہے۔ جی پروفیسر صاحب فرمائیں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب والا! کیا پروفیسر صاحب اپنی amendment پر بولنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، پروفیسر صاحب، آپ اپنی amendment پر بولنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، نہیں amendment پر نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، amendment پر نہیں بول رہے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب چیئرمین! یہ ordinance ۱۷ نومبر ۲۰۰۰ کو جاری ہوا تھا۔ یہ ایک طویل ordinance ہے جو ۲۱ دفعات پر مشتمل ہے۔ میرا خیال ہے کہ شاید اس معزز ایوان کے بہت تھوڑے لوگ ہوں گے جو اس کے تمام مندرجات سے واقف ہوں۔ یہ بات عجیب و غریب ہے کہ جب فوج حکومت میں ہو اور کوئی ordinance جاری کیا جائے تو آئین کے Article 268 (1) کے تحت اسے طویل مدت مل جاتی ہے تاکہ Parliament اس میں کوئی ترمیم کرے لیکن اگر منتخب حکومت کے دور میں جب قومی اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو اور کوئی ordinance نافذ کیا جائے تو اس کی زیادہ سے زیادہ عمر صرف چار ماہ ہوتی ہے۔ اس چار ماہ کی مدت کے دوران Parliament اس کی تنسیخ بھی کر سکتی ہے اور اس میں ترمیم بھی کر سکتی ہے۔ میرا پہلا point یہ ہے کہ جب فوجی حکومت ہو، جب آمرانہ حکومت ہو تو

ordinance کو ایک لامتناہی مدت مل جاتی ہے۔ میں نے آپ کو بتایا کہ ۱۷ نومبر ۲۰۰۰ کا ordinance ہے جس میں آج ترمیم کی جا رہی ہے۔

دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں کہ جو اعتراض ہمیں اس ordinance پر تھا۔ اس کی شق (F) 2 میں یہ تھا کہ جو مالی ادارے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ ایسے مالی ادارے جس میں اب پاکستان کی equity 85 percent یا اس سے زائد ہو، ان پر CIRC کو یہ اختیار تھا کہ وہ ان میں مداخلت کریں اور ان کو control کریں لیکن اب اس میں یہ ترمیم کی گئی ہے کہ اس میں کوئی equity بھی ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک فیصد equity بھی ہو۔ ۹۹ فیصد equity اگر public کے پاس ہے اور ایک فیصد equity government کے پاس ہے تو CIRC کو اس کا اختیار ہو جائے گا کہ وہ اس میں مداخلت کرے۔ اس لئے میرا خیال یہ ہے کہ اگر یہ مداخلت کی جائے گی تو اس سے privatization کے بارے میں ہمارا جو فلسفہ تھا اس پر اثر پڑے گا۔ لوگ یہ دیکھیں گے کہ ۹۹ فیصد ان کے پاس ہے اور ایک فیصد حکومت کے پاس ہے تب بھی وہ مداخلت کرسکتی ہے تو ظاہر ہے وہ discourage ہوں گے۔ مجھے خوشی ہے کہ اسحاق ڈار صاحب نے فرمایا کہ بحث کے بعد انہوں نے اس ترمیم کو accept کر لیا تھا۔ لیکن انہوں نے بھی یہ کہا تھا کہ یہ مناسب نہیں ہے، کوئی نہ کوئی equity کہی جائے کہ کتنی equity ہو؟ غالباً انہوں نے 49% کہا تھا کہ equity ہو اور بعد میں انہوں نے غالباً 49% کی جگہ کوئی equity کر دی تھی جس سے ایک فیصد بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے میں صرف یہ بات عرض کروں گا کہ اس وقت تو حبیب بنک، یو بی ایل اور نیشنل بنک میں 100% equity تھی اور NDC یا FT جس میں بھی 100% تھی جو اب موجود نہیں ہے وہ نیشنل بنک میں merge ہوگئی ہیں۔ اب اگر equity کم ہوگئی ہے تو میری تجویز یہ ہے کم از کم آپ اسے اگر 85 کرتے ہیں تو حساب کم کر کے forty کر دیں۔ لیکن اگر آپ ایسا نہیں کرتے اور blanket اختیار دیتے ہیں ایک فیصد میں بھی، تو ظاہر بات ہے کہ یہ خراب ہے۔

دوسری بات میں جناب چیئرمین! یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے CIRC کا آرڈیننس ۲۲ ستمبر کو منظور کیا گیا تھا اور وہ آج بھی قانون موجود ہے۔ اس میں آج بھی لکھا ہوا ہے کہ مالی اداروں سے مراد وہ مالی ادارے ہیں کہ جن میں حکومت کی 85% equity یا اس سے زائد ہو

تو ایک ایسی anomaly ہے کہ اس کی سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ بھی آچکی ہے ۔ پہلے CIRC کی مجلس قائمہ کی رپورٹ آنی چاہیے تھی تاکہ اس میں پہلے ترمیم ہوتی اور بعد میں یہ آتی ۔ اب یہاں پر تو آپ اسے ختم کردیں گے لیکن CIRC میں وہی 85% یا اس سے زائد کی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، بھنڈر صاحب۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر ، جناب چیئرمین! جیسے میرے فاضل دوست محمد اسحاق ڈار صاحب نے فرمایا ہے کہ اس بات پر بڑی تفصیل سے میرا خیال ہے دو اڑھائی گھنٹے کمیٹی میں سب نے بحث کی اور کمیٹی میں بحث ہونے کے بعد جو تجاویز آئیں ، اس میں یہ بھی آیا کہ 80% equity ہو ، 60% equity ہو ، 40% equity ہو ۔ Ultimately یہ فیصلہ ہوا کہ یہ ساری قدغن کیوں نہ remove کر دی جائے کہ جس میں کچھ بھی حکومت کی equity ہے ، اس پر یہ applicable نہیں ہوگا۔ اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا scope زیادہ wider کیا گیاہے۔ نہ یہ پابند ہے 80% or 40% کا بلکہ جس میں بھی ہے ، جس میں گورنمنٹ کی کوئی equity ہے اس پر یہ apply کرے گا۔ دوسرے پر نہیں کرے گا۔

Mr. Deputy Chairman: It was leaving it open.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر ، اس لیے میں appeal کروں گا پروفیسر صاحب سے کہ چونکہ آپ نے بات کردی ہے amendment کی تو amendment کے بارے میں آپ نے یہ فرمایا ہے

that in clause 2 in the proposed Act for the word "whole in equity" acruing in 3rd line the word "whole" is more than an equal to 40% equity.

جناب ڈپٹی چیئرمین ، جناب! مجھے بھی ذرا clarification کرادیں یہ جو word ہے hold more than as equal or is it or equal to. ہاں or ہے ناں۔ یہاں as لکھا ہے تو I was little worried. تو اسے correct کرنا چاہیے ۔ It is wrong. وہ جناب کوئی sense convey نہیں کرتا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ consensus تھا بلکہ کمیٹی اس کے متعلق unanimous تھی اور ہم نے جناب یہ agree کیا تھا۔ ہم نے اور فنانس ڈویژن نے

جناب اسحاق ڈار صاحب کی تجویز منظور کی تھی تاکہ اس پر وہ قدغن ختم کر دی جائے اور صرف انہی پر apply کرے۔

Mr. Deputy Chairman: I think, let us start the Motion.

آپ نے بھی کچھ فرمانا ہے؟ --- بولیں ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب چیئرمین! جناب اس میں پروفیسر صاحب نے بالکل صحیح فرمایا ہے کہ originally میں نے جو وہاں پر request کی تھی۔ میں نے کہا تھا کہ اس کو 85 سے 49 پر لے جائیں۔ جیسا میں نے عرض کیا کہ practical difficulty یہ تھی کہ نیشنل بینک 85 سے نیچے آچکا تھا۔ یو بی ایل 49 پر تھا، ABL 49 پر تھا، اور Habib Bank 49 پر تھا۔ یہ جو چار بینک تھے اب ان کو CIRC سروس نہیں کرسکتا تھا۔ Although the other criterion required 30 million کا loan ہونا چاہیے تھا، جس کو آپ consider کریں گے اور دوسرا جو ۳۶۵ دن سے زیادہ default میں ہو، وہ چیزیں پوری کرتے ہوئے بھی وہ چار بنکوں میں ابھی جو public money involve ہے وہ اب باہر نکل چکے تھے تو 49% میں نے بالکل کہا تھا لیکن جب مجھے یہ request کی گئی کہ جی آپ اس کو reconsider اس طرح کر لیں کہ اگر کوئی equity ہو، اور اس میں as of today whether it is 1% or 49% only four institutions are incomposite میں، یہ clarify کرنا چاہیے کہ اگر any equity نہ ہو اگر 49 بھی ہو، تو صرف یہی چار institutions آئیں گے۔ کل کو اگر حکومت further 20% disinvest کر دیتی ہے تو پھر ہمیں یہی process دوبارہ کرنا پڑنا تھا جو کہ اب avoid ہو گیا ہے۔ مقصد یہ تھا کہ private sector institutions جو ہیں which run in hundreds وہ اپنا کام خود کریں۔ اگر کسی نے کوئی professional کام کرنا ہے جو کہ CIRC کا staff claim کرتا تھا ہم بڑے expert ہو گئے ہیں۔ یہ بھی میں clarify کر دوں کہ CIRC خود نہیں لیتی بلکہ institutions سٹیٹ بنک کو apply کرتے ہیں۔ سٹیٹ بنک پھر اس کو forward کرتا ہے اور پھر اس کو CIRC entertain کرتی ہے۔ اس میں اگر یہ institutions جو ہیں میں نے ان کو عرض کیا تھا

بھنڈر صاحب would bear me out اور چیئرمین صاحب بیٹھے ہیں تو جناب اگر آپ اتنے expert ہو گئے ہیں تو آپ جا کے Debt Collection Agency register کروائیں HECP میں نئی کارپوریشن رجسٹر کرائیں، اور جا کے professional service دیں۔ Second یہ تھا جناب! جو main idea تھا کہ اس میں ایک clause ہے کہ 365 دن سے زیادہ default نہیں ہونا چاہیے۔ وہ ہمارے exchequer پر اور taxes collection پر بوجھ پڑتا تھا اگر ہم اس کو allow کرتے اور میں یہ گزارش کروں گا کہ جو ہمارا normal process ہے جناب! اور جو bad debt ہوتا ہے tax payer اس کے پیسے pay کرتے ہیں 40%, 30% جو tax rate ہے وہ government کو نقصان ہوتا ہے۔ جو tax bill ہے اس سال کا وہ اپنے profit میں سے منہا کر لیتے ہیں، اس کو reduce کر لیتے ہیں۔ وہ 365 دن ہیں where State Bank اور CBR کا جو procedure ہے جس کو follow کیے بغیر وہ tax deductable نہیں گنا جاتا، bad loan قریباً تین سے چار سال minimum period ہے، وہ میں نے اپنے honourable members کو سارا procedure بتایا اور میں نے عرض کیا کہ I am very grateful that they understood and Secretary Finance conceded کہ یہ جو suggestion ہے اسحاق ڈار کی it is acceptable and we can live with this. All private sectors out. Public sectors جہاں public money involved ہے صرف ان institutions کو یہ service کرے گی۔ There would be automatically a censored clause when these جو institution are privatized and gone, CIRC will be wound up. Second ہمارے بزرگ Honourable Professor Sahib نے فرمایا کہ CIRC کو amend ہونا چاہیے، وہ بھی amend کیا گیا Reciprocal clauses those are reciprocal clauses. جو ہیں they are exactly the same and they have been amended too.

جناب ڈپٹی چیئرمین، احمد علی صاحب! آپ چیئرمین ہیں، آپ ذرا فرمائیں۔

سینیٹر احمد علی: جناب! اس پر بہت debate ہوئی تھی اور بڑی اچھی بات تھی کہ consensus develop ہو رہا تھا۔ میرا خیال ہے دو ڈھائی گھنٹے ہم نے technical بحث

اس پر کی ہے اور اسحاق ڈار صاحب جو کہہ رہے ہیں وہ بالکل صحیح ہے کہ ہم نے Government کے interest کو protect کیا ہے اور اس پر کبھی 20% ہو جائیں تو ہمیں پھر بل لانا پڑتا۔ اس لیے ہم نے اسے ایک ہی دفعہ sort out کیا اور 1% government equity کی گئی ہے تو ہم نے اس کو یہ cover دے دیا کہ وہ بھی کر سکتا ہے۔ اس میں یہ بھی possibility تھی کہ private banks آ جاتے اور آ کے اپنے سارے loan government کو دے کر اپنے آپ کو clear کر لیتے اور اپنی balance sheet کو بھی۔ It وہ is very wise, as moved by Ishaq Dar Sahib, I appreciate that. Of course technical آدمی ہیں، سمجھتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Now, let us move on with it, you know.....

Senator Wasim Sajjad: Sir, I want to appreciate and complement the members of the Finance Committee on having worked hard and produce a consensus legislation. I think it sends a very strong message that whenever some good suggestions are made by the opposition, the government welcomes them. I think it is a good move, a positive move and let us hope that in future also they will give us good suggestions and we will continue to benefit from their experience and expertise because all thesepeople are highly qualified, expert, dedicated people. We would like to benefit from them.

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. Let us go on with the business then. We may now take up Item No. 5. The motion has already been moved and also opposed on 14th of July, 2004. No speeches?

Senator Wasim Sajjad: No speech.

Mr. Deputy Chairman: I now put the motion before the House. It has been moved that the Bill to amend the Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal Proceedings) Ordinance 2000 [The Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal Proceedings) (Amendment) Bill, 2004], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was adopted).*

Mr. Deputy Chairman: Second reading, we now move on to the second reading of the Bill.

Senator Wasim Sajjad: I will do that sir. I beg to move.

Mr. Deputy Chairman: Let me read it. We will take up clause by clause consideration of the Bill. There is an amendment in clause-2, in the name of Prof. Ghafoor Ahmad. Please move the amendment.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب میں amendment withdraw کر رہا ہوں۔ جو کل consensus ہوا ہے میں اسے appreciate کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Amendment withdrawn, fine, I now put the question before the House that Clause 2 do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: Clause 2 do form part of the Bill. Clause 1 preamble and the Title of the Bill. We now come to Clause 1, Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, Preamble and Title of the Bill do stand part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 1, Preamble and Title formed part of the Bill

**Senator Wasim Sajjad:** Sir, I move motion at Item No.6. I beg to move that the Bill to amend the Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal proceedings) Ordinance, 2000 [The Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal Proceedings) (Amendment) Bill, 2004], be passed.

**Mr. Deputy Chairman:** Anybody like to discuss it. Fine. It has been moved that the Bill to amend the Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal proceedings) Ordinance, 2000 [The Non-Performing Assets and Rehabilitation of Industrial Undertakings (Legal Proceedings) (Amendment) Bill, 2004], be passed.

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman:** The Bill is passed. Now, we come to the call attention notice. The first call attention notice is in the name of Mr. Amjad Abbas & Zafar Iqbal. I have had a request from the Minister that he is abroad, so we defer it and get onto the next item which is at serial No. 8 in the name of Ch.Muhammad Anwar Bhinder.

**Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder:** Sir, I draw the attention of the Minister for Labour, Manpower.

**سینیٹر کامل علی آغا:** جناب والا! یہ call attention notice بڑا اہم ہے اور عوام میں بڑی تشویش پائی جاتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ آپ اس کو defer کریں،

اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، آغا صاحب ! procedure یہ ہے کہ call attention

notice جس صاحب نے دیا ہو وہ ہی اس پر بولتے ہیں اور اس کے بعد وزیر صاحب بولتے ہیں۔

There is no discussion after that. You put it in another way instead ofsending it to the committee.

سینیٹر کامل علی آغا، یہاں پر rule & procedure جتنا adopt ہو رہا ہے،ویسے تو میں پہلے بھی کہنا چا رہا تھا، کل یہ ہاؤس میرے خیال میں prorogue ہو جائے گا تو دس، دس، ممبران کی training regarding rules and procedure پندرہ دن میں ہو جائے۔ میرے خیال میں یہ بہتر رہے گا اور بھنڈر صاحب بھی اگلے بیس پچیس دن کے لیے مصروف ہو جائیں گے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بہت تشویشناک معاملہ ہے۔ Agriculturists گنا صرف اس وجہ سے اگانا بند کر رہے ہیں کہ ان کو پیسے نہیں مل رہے اربوں روپیہ PSMA والے دبا کر بیٹھے ہوئے ہیں، میرا یہ خیال ہے کہ اس معاملے کو کمیٹی کے سپرد کر دیں۔

Mr. Deputy Chairman: About 3.2 billion Rupees are involved. Wasim Sahib, do you have any suggestion?

وہ کہتے ہیں کہ وزیر صاحب نہیں ہیں، یہ مسئلہ discuss نہیں ہو سکتا۔ Actually it is important, I think money about 3.2 billion Rupees is involved.

سینیٹر وسیم سجاد، جناب والا! کل اس معاملے کو لے لیں گے in the meantime I will get instructions.

Mr. Deputy Chairman: Can we take it tomorrow? Zafar Iqbal.

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری، جناب اس میں Minister of Industries involve ہے، Minister of F ood & Agriculture involve ہے، Minister of Finance involve ہے۔ Minister of Commerce بھی involve ہے۔ چار حضرات نے last year

یہ فیصلہ کیا تھا۔ چونکہ اس وقت PSMA والے اپنی ملیں چلانے کے لیے تیار نہیں تھے تو انہوں نے حکومت پر دباؤ ڈالا کہ جب تک buffer stocks آپ ہمارے نہیں خریدیں گے اس وقت تک ہم اپنی ملیں نہیں چلائیں گے۔ حکومت نے ان کے دباؤ میں آ کر ایک کمیٹی تشکیل دی اور اس کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ PCP ان کی تین لاکھ میٹرک ٹن جو ان کے پاس buffer stock پڑا ہوا تھا اس کو خریدے گی اور انہوں نے 75 % payment on the spot کر دی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، ظفر اقبال صاحب ! اگر آپ اپنا call attention notice دیکھیں تو اس میں لکھا ہے کہ

Mr. Muhammad Amjad Abbas and Mr. Zafar Iqbal Chaudhry would draw the attention of the Minister for Industries and Production

اگر آپ چاروں کے نام لکھ دیتے then somebody would have been here.

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری ، جناب ! یہ انہوں نے کہا ہے کہ یہ باقی کا بھی جواب دے دیں گے یہ انہوں نے refer کیا ہے۔ آپ ان کی توجہ اس طرف دلوائیں۔

Mr. Deputy Chairman: Can we just listen to the Leader of the House?

سینیٹر وسیم سجاد ، میری گزارش یہ ہے کہ مجھے کل تک وقت دے دیا جائے۔ دوسرا، میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ کمیٹی پر کوئی قدغن نہیں ہے، اگر وہ اس معاملے کو لینا چاہتی ہے تو اس کا چیئرمین لے سکتا ہے۔ اسے یہاں سے بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ چیئرمین کمیٹی کو اختیار ہے کہ بغیر House کے refer کیے وہ اس معاملے کو take up کر سکتا ہے، کوئی ضروری نہیں ہے کہ House اسے بھیجے تو وہ take up کریں گے۔

سینیٹر محمد امجد عباس ، جناب ! یہاں House کے floor پر انہوں نے Call Attention Notice کے جواب میں کہا تھا کہ this agreement has been made. اس وقت انہوں نے assurance بھی دی تھی کہ farmers would be made the payment

اب تو assurance دینے والا بھی کوئی نہیں ہے۔

**Senator Wasim Sajjad**: Sir, what I would suggest is that the honourable Chairman of the Committee may call a meeting, call the Minister and ask him to make a statement.

Mr. Deputy Chairman: Why don't you adopt this way?

**Senator Wasim Sajjad**: Sir, I want to make it clear that there is no restriction on the Chairman to take up this matter and call the concerned Minister and take a decision.

Mr. Deputy Chairman: Right.

ڈار صاحب آپ کیا کہتے ہیں؟

سینیٹر محمد اسحاق ڈار ، شکریہ جناب چیئرمین- یہ پچھلے پندرہ سال سے ایک
perpetual problem ہے- ہر سال growers کا یہی مسئلہ ہوتا ہے Sir, here the
administration needs to be directed by some Minister کہ dues must be
cleared. لسٹیں بنی ہوتی ہیں، اگر growers associations کو کمیٹی بلا لے، وہ لسٹیں دے
دیں گے کہ کس کس کے کتنے کتنے پیسے due ہیں اور کن ملوں سے due ہیں Sir, then the
time of the framework has to be given to the local administration اور اسی طرح
مسئلہ حل ہوتا ہے - Sir, it is not the first time. This problem was there since 1999
اور میں humbly گزارش کروں گا، ورنہ یہ یہاں discuss ہو گا، وزیر صاحب statement دیں
گے، پھر کمیٹی میں جائے گا - Sir, that is not the solution. Solution is practical
action and practical action is sir, somebody should call Farmer Association.
They will have their number کہ کتنے dues کس mill کے against ہیں-

Mr. Deputy Chairman: Somebody cannot call.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار : جناب ! It is the Minister who has to do this,

either Commerce or Finance Minister, they will have to call them and they

Local administration کی coordination کے ساتھ will give them a mandate.

ضرورت ہے اور وہ بھی پیسے دلواتے ہیں Commissioner or the DG, otherwise یہ پیسے

ان کو نہیں ملیں گے وہ بیچارے they will suffer.--

Mr. Deputy Chairman: I have seen the case, I know the detail.

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری، جناب! TCP والوں نے Sugar Mills کو payment

کر دی ہوئی ہے۔ اس میں وہ local administration والا معاملہ نہیں ہے۔ اب mills والے

آگے growers کو پیسہ ابھی تک transfer نہیں کر پا رہے۔ یہ اتنا بڑا fraud ہے جس کا

کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ کوئی وزیر ادھر موجود ہی نہیں ہے جو اس کا جواب دے سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اسی لیے کہہ رہے ہیں اور Leader of the House نے

کہا ہے کہ give him a day, he will find it out. He will try to contact the

Ministers also and try to get them here تو time تو دیں۔ اب وہ نہیں ہیں تو کیا

کریں۔

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری، جناب! کل تک کر دیں۔

Mr. Deputy Chairman: OK. Let's defer it till tomorrow.

آپ pend کر دیں put it up tomorrow, now there is another call attention

notice in the name of Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder.

## CALL ATTENTION NOTICE

## RE: APPOINTMENT OF MEMBERS OF THE NATIONAL INDUSTRIAL RELATIONS COMMISSION

Senator Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I draw the attention of the Minister for Labour, Manpower and Overseas

Pakistanis to a matter of sufficient public importance regarding:-

"non-appointment of members of the National Industrial Relations Commission"

جناب والا! میں ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ National Industrial Commission ایک بہت بڑا ادارہ ہے۔ محنت کشوں کا سب سے apex ادارہ ہے اور اس میں بے شمار مسائل پیش ہوتے ہیں۔ بے شمار cases pending پڑے ہیں جو Commission نے decide کرنا ہوتے ہیں۔ اس کے لئے چیئرمین کی appointment ہو چکی ہے لیکن Commission کے ممبران ابھی تک appoint نہیں ہوئے۔ جب تک وہ appoint نہ ہوں اس وقت تک وہ validly constituted forum نہیں بن سکتا اور نہ ہی وہ کوئی decision دے سکتا ہے، جس سے لوگوں کو بہت تکلیف ہے اور بے شمار، ہزاروں cases pending پڑے ہوئے ہیں اور اکیلے چیئرمین صاحب جن کو dispose نہیں کر سکتے ۔ وہ مختلف categories کے cases ہیں، جن میں دو ممبر یا تین ممبر یا full ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے اور اس میں صرف Commission کے ممبران کی appointment کرنی ہے تاکہ یہ constitute ہو کر قانون کے مطابق اپنے فرائض منصبی ادا کر سکیں۔ میں یہ notice میں لانا چاہتا ہوں اور توقع بھی کرتا ہوں کہ جو جواب دیا جائے گا وہ اتنا تسلی بخش ہو گا کہ کم از کم ایک ہفتے کے اندر اندر یہ appointment ہو جائے گی تاکہ یہ کام نہ رکے اور محنت کشوں کے مسائل حل ہو سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، رضا ہراج صاحب نے ان کو respond کرنا تھا۔

سینیٹر وسیم سجاد، جی اس میں continuation نہیں ہوتی، یہ Call Attention Notice ہے۔

Mr. Deputy Chairman: It is a Call Attention Notice and rules do not permit anybody else to speak. No, I am not going to let you. Please بولیں۔

Baig sahib, don't insist. Never mind, he is not here, he is going to

ویسے ہراج صاحب کے نہ ہونے سے کوئی ہرج نہیں ہوتا ہے۔ respond on his behalf.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I wanted to bring to the notice of this House....

Mr. Deputy Chairman: Baig sahib, no, you can't speak. This is Call Attention Notice.

Senator Wasim Sajjad: Kanrani sahib, rule do not permit. I have to answer.

میں جواب دے دوں، آپ سن لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ارے بھئی نہیں بول سکتے۔ آپ بیٹھیں کنرانی صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد، جناب! یہ ایک بہت اہم معاملہ اٹھایا ہے جناب بھنڈر صاحب نے اور واقعی انہوں نے صحیح کہا ہے کہ قومی صنعتی تعلقات کمیشن (National Industrial Relations Commission) کے بہت اہم فرائض ہوتے ہیں ۔ اس کا تعلق محنت کش طبقے سے ہوتا ہے اور ان کے بہت سے مسائل ہیں۔ جس وقت یہ مسئلہ اٹھایا گیا تھا یقیناً اس وقت یہ مشکلات ہوں گی لیکن اس کے بعد کچھ پیش رفت ہوئی ہے جی۔ پہلی چیز تو یہ ہوئی ہے کہ چیف جسٹس صاحب کی منظوری کے بعد جناب جسٹس تنویر احمد خان صاحب جو کہ سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج ہیں ان کو Chairman, Industrial Relations Commission مقرر کر دیا گیا ہے اور یہ تقرری 28-5-2004 کو ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ چھ ممبران کی مزید سفارش کی گئی ہے اور ان کا تعلق مختلف صوبوں سے ہے اور کوشش یہ کی گئی ہے کہ اس کمیشن میں صوبوں کی نمائندگی ہوجائے اور میرا خیال ہے یہی ایک مسئلہ تھا جو یہ اٹھانا چاہ رہے تھے۔ یہ چھ ممبران کی recommendations کی گئی ہیں جن کا تعلق مختلف صوبوں سے ہے۔ اس کی منظوری کے لیے Prime Minister کو یہ summary بھیجی گئی ہے ۔ یہ 7 جولائی 2004ء کو وزیراعظم کو چلی گئی اور اب ان کی منظوری کا انتظار ہے اور ہم کوشش کریں گے، وزیراعظم صاحب تو آج عمرہ کے لیے جا رہے ہیں، ہم کوشش کریں گے کہ جلد از جلد وہ منظوری آجائے

تا کہ یہ تقرری عمل میں لائی جا سکے۔

**Mr. Deputy Chairman:** The lunch is ready. Do you want to carry on with the House after lunch for the Questions and Answers?

Lunch is here. You might change your ideas, پروفیسر صاحب کہہ رہے ہیں نہیں - go and have lunch there. تو کیا خیال ہے پروفیسر صاحب؟ Do you want to carry?

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، کل رکھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کل کر دیں۔

Alright. The House stands adjourned to meet again on Friday, the 23rd July, 2004 at 10.00 A.M.

پریس والے بھی welcome if they want to eat something. Cafetaria میں آپ کے لیے بندوبست کیا ہوا ہے۔

---

*(The House was then adjourned to meet again on Friday, the 23rd July, 2004 at 10.00 A.M.)*

---